© rasailojaraid.com

# ذخیرۂ حکیم محمد موسیٰ امرتسری
# میں
# مسلم - مسیحی مناظراتی ادب پر کتابیں

[حکیم محمد موسیٰ امرتسری (ولادت: ۱۹۲۷ء) وطنِ عزیز کے معروف کتاب دوست اور کتاب شناس عالم ہیں۔ لاہور میں اُن کا مطب (واقع ریلوے روڈ) کتاب شناسوں کی نشست گاہ کی حیثیت رکھتا ہے، جہاں نئی اور پرانی کتابوں پر تبادلۂ خیال ہوتا ہے، نادر کتابوں کے حصول اور اُن کی طباعت و اشاعت پر گفتگو ہوتی ہے اور بعض ناشرین اشاعت کے لیے کتابوں کے انتخاب میں حکیم صاحب اور اُن کے احباب کا مشورہ حاصل کرتے ہیں۔ مدارس و جامعات کے طلبہ زیرِ تحقیق موضوعات پر کتابوں کی تلاش میں حکیم صاحب کے ہاں حاضر ہوتے اور اکثر شاداں و فرحاں واپس جاتے ہیں۔

حکیم صاحب امرتسر میں پیدا ہوئے۔ وقت کے جن معروف اہلِ علم و فضل سے اُنہوں نے استفادہ کیا، ان میں مولانا محمد عالم آسی (م ۱۹۴۴ء) کا نام بھی شامل ہے۔ قیامِ پاکستان کے بعد لاہور میں انہوں نے اپنے والدِ ماجد حکیم فقیر محمد چشتی نظامی (م ۱۹۵۲ء) کے ساتھ طبابت شروع کی اور یہی فن اُن کا ذریعہ روزگار ہے۔ "علم الابدان" کے ساتھ "علم الادیان" اُن کی دلچسپیوں کا مرکز رہا ہے۔ دونوں "علوم" میں اُنہوں نے تگ و دو کے ساتھ کتابیں جمع کیں اور اِن کا غائر نظر سے مطالعہ کیا۔ اگرچہ اِس مطالعہ کا ثمر "کتابی شکل" میں بہت کم سامنے آیا، تاہم اُنہوں نے تصوّف اور سوانحِ علماء کے حوالے سے جو کچھ لکھا ہے، کافی عرصہ زندہ رہے گا۔ حکیم صاحب اور اُن کے ذخیرہ کتب سے استفادہ کبھی بھی مشکل نہ تھا، مگر ۱۹۸۹ء میں اُنہوں نے اپنا کتب خانہ پنجاب یونیورسٹی، لاہڈور کو پیش کر کے نوجوان محققین کے لیے استفادہ آسان تر کر دیا ہے۔ اِس ذخیرے میں عربی، فارسی، اُردو، ترکی اور انگریزی زبانوں میں آٹھ ہزار سے زائد کتابیں ہیں۔ پنجاب یونیورسٹی، لاہور کے کتب خانے میں اِس ذخیرے سے "گراں قدر اضافہ" ہوا ہے۔ حال ہی میں سیّد جمیل احمد رضوی کی مرتبہ "فہرست ذخیرہ کتب حکیم محمد موسیٰ امرتسری" [لاہور: مغربی پاکستان اُردو اکیڈمی (۱۹۹۶ء)] کی پہلی جلد شائع ہوئی ہے جس میں ۳۸۶۸ کتابوں کے بارے میں بنیادی معلومات درج کی گئی ہیں۔

فہرست میں اگرچہ مسلم - مسیحی تعلقات یا مطالعۂ مسیحیت کا عنوان تو نظر نہیں آتا، تاہم حکیم


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

صاحب کے ذخیرے میں اِس موضوع پر اُردو کتابیں موجود ہیں۔ ذیل میں اِن کی مجمل فہرست دی جاتی ہے۔ ادارہ]

## ۱۔ مسیحی نقطۂ نظر

| | | |
|---|---|---|
| — | کتاب مقدس یعنی پرانا اور نیا عہد نامہ | لاہور: برٹش اینڈ فارن بائبل سوسائٹی (۱۹۴۷ء)، ۸۹۳+۲۵۹ص |
| — | زندہ کلام | ریاست ہائے متحدہ امریکہ: بائی ورڈ پبلی کیشنز (۱۹۷۵ء)، ۲۵۹ص |
| ٹسڈل، کلیر | ینابیع الاسلام | [سرِورق موجود نہیں۔]، ۲۲۴ص |
| زویمر، ایم-ایس | مہد الاسلام یعنی عربستان و اہل عرب | لاہور: خادم التعلیم سٹیم پریس (۱۹۱۰ء)، ۲۱۸ص |
| سموئیل-ڈی-چند | آئینہ اشتراکیت | گوجرانوالہ: صوت الحق (۱۹۸۵ء)، ۱۳۶ص [اشتراکیت کے بارے میں مسلم-مسیحی اتحاد کی مثال ہے۔ اس پر مولانا محمد عبدالستار خان نیازی کا پیش لفظ ہے۔] |
| فنڈر | حل الاشکال در جوابات کشف الاستار و کتاب استفسار مع مراسلات | لکھنؤ: امریکن مشن پریس (۱۸۷۴ء)، ۲۱۸+۷۸ص [ناقص الآخر] |
| مُلر، ڈاکٹر-ڈبلیو | عرفانِ الٰہی | لاہور: مسیحی اشاعت خانہ (س-ن)، ۱۶ص |

## ۲۔ مسلم نقطۂ نظر

| | | |
|---|---|---|
| اسلامی مشن | جمی سواگرٹ اور احمد دیدات کا مناظرہ (کیا بائبل کلامِ الٰہی ہے؟) | لاہور: اسلامی مشن (۱۹۸۶ء)، ۱۶ص |
| اصغر علی روحی | سیطرۃ الاسلام علی النصاری اللئام | لاہور: مطبع اسلامیہ (۱۳۲۰ھ)، ۱۲۴ص |
| انیس احمد صدیقی | عیسائیوں کو کتاب مقدس کی روشن ہدایت پر عمل کرنے کی دعوت | کراچی: صدیقی ٹرسٹ (س-ن)، ۵۰ص |
| پیر بخش، بابو محمد | الاستدلال الصحیح فی حیاۃ المسیح | لاہور: انجمن تائید الاسلام (۱۹۲۴ء)، ۳۵۲ص |
| حفیظ اللہ لاری | توحید یا تثلیث | سکھر: محمد احمد تھانوی (۱۳۸۱ھ) |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | |
|---|---|---|
| خلیل خالد، آفندی | ہلال و صلیب | لاہور: کارخانۂ وطن (۱۹۰۸ء)، ۱۱۲ ص |
| صادق علی ڈاکٹر | البرہان علی اعجاز القرآن | راولپنڈی: مطبع چودہویں صدی (۱۳۱۴ھ)، ۷۶ ص |
| | حیاتِ مسیح اور سب سے پہلی انجیل | راولپنڈی: چودہویں صدی پریس (۱۹۰۱ء)، ۴۲ ص |
| عبدالحلیم شرر | قدیم مسیحیت | دہلی: مطبع مجتبائی (س-ن)، ۶۸ ص |
| عرشی امرتسری | مسیحیت کی آغوش میں | راولپنڈی: مکتبہ فیض الاسلام (۱۳۸۱ھ)، ۷۲ ص |
| غلام اللہ قصوری | تحقیق الکلام فی ولادۃ المسیح علیہ السلام | لاہور: مطبع مصطفائی (۱۳۰۰ھ)، ۳۲ ص |
| غیاث الرحمٰن انجم | حضرت آدم کی کہانی، قرآن اور انجیل کی زبانی | اسلام پورہ، لاہور (س-ن)، ۴۸ ص |
| فقیر محمد جہلمی | زبدۃ الاقاویل فی ترجیح القرآن علی الاناجیل | جہلم: مطبع سراج المطابع (۱۳۰۷ھ)، ۱۶۸+۲ ص |
| کوثری | بشارت انجیل | لاہور: سیّد ہاشم علی گیلانی (س-ن)، ۸۷ ص |
| محمد حلیم انصاری (مترجم) | انجیل برنباس کا اردو ترجمہ جس کو ڈاکٹر خلیل بک --- کے عربی ترجمہ سے بادارت --- محمد انشاء اللہ --- مولوی محمد حلیم انصاری نے اردو کا لباس پہنایا۔) | لاہور: حمیدیہ سٹیم پریس (س-ن)، ۳۱۰ ص |
| محمد غلام رسول | الحصام الصحیح فی اثبات حیاۃ المسیح | امرتسر: مطبع روز بازار (۱۳۱۱ھ)، ۱۱۶ ص |
| مہر علی شاہ، سیّد | شمس الہدایہ فی اثبات حیاۃ المسیح | لاہور: مطبع مصطفائی (۱۳۲۶ھ)، ۱۲۰ ص |
| نکہت شاہجہانپوری | موازنہ صلیب وہلال | بجنور: مولوی محمد مجید حسن (۱۹۳۳ء)، ۲۰۷ ص |
| ولی اللہ لاہوری، حافظ | ابحاث ضروری معہ جواب الجواب | |
| | رسالہ شکوک کفارہ | لاہور: مطبع محمدی (س-ن)، ۴۰ ص |
| | تصدیق المسیح | لاہور: مطبع محمدی (۱۸۷۸ء)، ۴۴ ص |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## ۳- غیر مسلم و غیر مسیحی نقطۂ نظر

| | | |
|---|---|---|
| پریم سنگھ | مذاہب عالم | لاہور: مصنّف (۱۹۴۰ء)، ۱۷۶ص |
| غلام احمد، مرزا | سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب | قادیان: مطبع ضیاء الاسلام (۱۹۶۳ء)، ۶۲ ص [اِس نسخے پر معروف احمدی مصنّف شیخ محمد اسماعیل پانی پتی کے دستخط موجود ہیں۔] |
| محمد علی [لاہوری] | وفات مسیح و نزولِ مسیح | لاہور: احمدیہ انجمن اشاعت اسلام (۱۹۴۷ء)، ۱۱۰ص |





© rasailojaraid.com